Class X 2024

**Series #CDBA**

**SET-4**

Q.P. کوڈ
Q.P. Code **5B**

رول نمبر
**Roll No.**

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 7 ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 12 ہے۔
- سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا لازمی ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80
*Maximum Marks : 80*

**عام ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **12** سوالات ہیں، جن کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) حصہ-الف : سوال نمبر **1** تا **2**

(iii) حصہ-ب : سوال نمبر **3** تا **6**

(iv) حصہ-ج : سوال نمبر **7** تا **8**

(v) حصہ-د : سوال نمبر **9** تا **12**

(vi) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

(vii) جواب لکھنے سے پہلے سوال نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains **12** Questions and divided into **4** Sections.

(ii) **Section – A** : Q. No. **1** to **2**

(iii) **Section – B** : Q. No. **3** to **6**

(iv) **Section – C** : Q. No. **7** to **8**

(v) **Section – D** : Q. No. **9** to **12**

(vi) Answer the Questions as per the specific instructions.

(vii) Write Serial No. of Question just before attempting its answer.

## حصہ – الف : عبارت فہمی اور نثر فہمی

## SECTION – A : Reading and Comprehension

1. مندرجہ ذیل درسی نثری اور شعری اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالات کے جواب لکھیے:

(الف)

**5 × 1 = 5**

ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ چھوت چھات کی اس لعنت نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔ اس کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار رہا۔ امبیڈکر نے اپنے جیسے کمزور انسانوں پر ہونے والے ظلم اور ناانصافیوں کے خلاف آواز اُٹھائی۔ گاؤں گاؤں اور شہر شہر جا کر لوگوں کو بیدار کیا۔ ان کے دل سے خوف دور کیا اور ان میں خود اعتمادی پیدا کی۔

ڈاکٹر امبیڈکر کا خیال تھا کہ سماج میں باعزّت زندگی گزارنے کے لیے تعلیم بے حد ضروری ہے۔ تعلیم بہت سی برائیوں کو ختم کر دیتی ہے۔ انھوں نے کمزور طبقوں کی تعلیم کے لیے کئی ادارے قائم کیے، اسکول اور کالج کھولے۔ مردوں کے ساتھ عورتوں کی ترقی پر بھی توجہ دی۔ ان کے لیے سماج میں برابر کے حقوق کی وکالت کی۔

(i) ڈاکٹر امبیڈکر نے کس کام کی کوشش کی؟

(ii) ملک کا ایک طبقہ غربت اور جہالت کا شکار کیوں ہوا؟

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کے ظلم کے خلاف آواز اٹھانے سے لوگوں کو کیا فائدہ ہوا؟

(iv) سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے کیا ضروری ہے؟

(v) عورتوں کی ترقی کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر نے کیا کیا؟

(ب)

5 × 1 = 5

جنگ تو خود ایک مسئلہ ہے — جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی

آگ اور خون آج بخشے گی — بھوک اور احتیاج کل دے گی

اس لیے اے شریف انسانوں — جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے

آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں — شمع جلتی رہے تو بہتر ہے

(i) اس نظم کے شاعر کا نام لکھیے۔

(ii) جنگ کیا ہے؟

(iii) جنگ کیا بخشے گی؟

(iv) شمع کہاں جلنا بہتر ہے؟

(v) اس نظم میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟

2. درج ذیل غیر درسی نثری اور شعری اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان پر مبنی سوالات کے جواب لکھیے:

(الف)

5 × 1 = 5

عربی فارسی الفاظ نے نہ صرف اردو زبان کے ذخیرے میں اضافہ کیا بلکہ خیالات میں بھی وسعت پیدا کر دی جس سے اس کا حسن دوبالا ہو گیا اور وہ زیادہ وسیع اور کار آمد بن گئی۔ مگر اصل بنیاد جس پر وہ قائم ہے ہندی ہی ہے محض غیر زبانوں کے اسماء و صفات کے اضافے سے اس کے ہندی ہونے میں مطلق فرق نہیں پڑتا۔ مثلاً آج کل بہت سے انگریزی لفظ داخل ہوتے جاتے ہیں لیکن اس سے زبان کی اصلیت پر کچھ اثر نہیں آسکتا۔ غرض یہ زبان مختلف حیثیتوں سے ایسی قبول صورت ہوئی کہ اس کی ترقی میں شبہ نہیں ہو سکتا۔

(i) خیالات میں کس نے وسعت پیدا کی؟

(ii) اردو کی اصل بنیاد کس زبان پر ہے؟

(iii) غیر زبانوں کے الفاظ داخل ہونے سے کیا نہیں ہو سکتا؟

(iv) زبان کی اصلیت پر کس بات سے فرق نہیں پڑتا؟

(v) کس چیز میں شبہ نہیں ہو سکتا؟

(ب)

5 × 1 = 5

آدمی کے حال پر آتی ہے مفلسی کس کس طرح اس کو ستاتی ہے مفلسی
پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی
یہ دکھ وہ جانے جس پہ آتی ہے مفلسی

مفلس کا دردِ دل کوئی جانتا نہیں مفلس کی بات کو کوئی مانتا نہیں
ذات اور حسب نسب کوئی جانتا نہیں صورت بھی اس کی پھر کوئی پہچانتا نہیں
یاں تک نظر سے اس کو گراتی ہے مفلسی

(i) مفلسی کے معنی غربت ہے۔ یہ لفظ اقتباس میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟
(ii) مفلسی کس پر آتی ہے؟
(iii) مفلسی تمام رات کیسے سلاتی ہے؟
(iv) مفلس کا دکھ کون سمجھ سکتا ہے؟
(v) مفلس کے ساتھ لوگ کیا کیا کرتے ہیں؟

## حصہ – ب : تحریری مہارت
## SECTION – B : Writing Skill

3. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم سے کم 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: 1 × 10 = 10

(i) پسندیدہ استاد
(ii) قومی تہوار
(iii) یوم آزادی

4. (a) بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے دو دن کی چھٹی کی درخواست اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام لکھیے۔ 1 × 5 = 5

یا (OR)

(b) والد کو خط لکھ کر کتابیں خریدنے کے لیے رقم منگوائیے۔

5. (a) سید احتشام کے بارے میں 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ $1 \times 5 = 5$

**یا (OR)**

(b) ''رضیہ سلطان'' سبق کا خلاصہ لکھیے۔

6. (a) علامہ اقبال کی شاعری پر 100 الفاظ میں روشنی ڈالیے۔ $1 \times 5 = 5$

**یا (OR)**

(b) نظم ''نیکی اور بدی'' میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟

## حصّہ – ج : عملی قواعد

## SECTION – C : Grammar

7. درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے: $8 \times 2 = 16$

(i) فعل کہلاتا ہے .....

(A) وہ لفظ جس سے کسی اعلان کا ہونا ظاہر ہو۔

(B) وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو۔

(C) وہ لفظ جس سے مستقبل کا اشارہ ملے۔

(D) وہ لفظ جس سے فاعل کا علم ہو۔

(ii) وہ فعل جس سے موجودہ زمانے میں کام کا ہونا ظاہر ہو، کیا کہلاتا ہے؟

(A) فعل ماضی　　(B) فعل مستقبل

(C) فعل حال　　(D) فعل ناقص

(iii) لفظ ''رحم دل'' کا متضاد ہوگا

(A) سنگ دل　　(B) تنگ دل

(C) بے دل　　(D) شوخ دل

(iv) لفظ ”خطرات“ کا واحد ہوتا ہے .....

(A) قطرہ (B) کمرہ

(C) خطرہ (D) گہرا

(v) درج ذیل میں سے مذکر الگ کیجیے:

(A) معلمہ (B) خالہ

(C) طالبہ (D) شاعر

(vi) درج ذیل میں سے کس لفظ میں سابقے کا استعمال ہوا ہے؟

(A) غیرت مند (B) روشن دان

(C) ہم جماعت (D) دولت مند

(vii) مندرجہ ذیل الفاظ میں جمع کی نشاندہی کیجیے:

(A) شجر (B) تدابیر

(C) کرسی (D) میز

(viii) جن الفاظ کے معنی ایک ہوں انہیں کہتے ہیں

(A) مترادف الفاظ (B) متضاد الفاظ

(C) ناقص الفاظ (D) بے معنی الفاظ

8. درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے: $4 \times 1 = 4$

(i) نو دو گیارہ ہونا

(ii) بھیس بدلنا

(iii) پھولا نہ سمانا

(iv) ٹکا سا جواب دینا

حصّہ – د : ادب

## SECTION – D : Literature

9. درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے: $3 \times 2 = 6$

(i) زمین کی عمر کا اندازہ کیسے لگایا جاسکتا ہے؟

(ii) لفافہ دیکھ کر پوسٹ ماسٹر کا کیا ردعمل تھا؟

(iii) انٹرنٹ کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟

10. درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: $2 \times 1 = 2$

(i) رضیہ سلطان نے میر آخور کا عہدہ کس کو دیا؟

(ii) سبق ''بے تکلّفی'' کے مصنف کا نام لکھیے۔

11. مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے: $2 \times 2 = 4$

(i) چڑیاں خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں؟

(ii) کعبے جانے سے غالب کو شرم کیوں آتی ہے؟

12. مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے: $3 \times 1 = 3$

(i) درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

(ii) ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا؟

(iii) جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو
یہ چھالیہ ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو

مندرجہ بالا شعر میں گلہری نے پہاڑ سے کیا کرنے کو کہا؟